سوال

(164)رکوع میں ملنے سے رکعت کا ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاامام کے ساتھ رکوع میں ملنے سے رکعت ہوجاتی ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص رکوع میں مل جائے اور سورہ فاتحہ نہ پڑھ سکے تو اس کی وہ رکعت نہیں ہوتی کیونکہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جہری نماز کے مقتدیوں کو فرمایا: (لاتفعلواالابام القرآن فانہ لاصلوۃ لمن لم یقرابہا)

تم سورہ فاتحہ کے علاوہ اور کچھ نہ پڑھو، کیونکہ یقینا جو شخص سورہ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔ (کتاب القرات للبیہقی ص64ح121وقال: ھذااسناد صحیح)

تفصیل کےلیے دیکھئے ماہنامہ شہادت (ج6شمارہ11نومبر1999ء ص33)(شہادت جنوری 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ373

محدث فتویٰ